شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

31جولائی2025ء

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا میں تیراہ اور باجوڑ میں ظلم وستم انتہائی قابل مذمت ہے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): خیبر پختونخوا میں تیراہ اور باجوڑ میں ظلم وستم انتہائی قابل مذمت ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے نام پر تیراہ میں 5 بے گناہ لوگوں کا جاں بحق اور کئی لوگوں کا زخمی ہو جانا، اسی طرح باجوڑ میں بھی کئی افراد کا جاں بحق اور زخمی کیا جانا ہماری دینی تعلیمات اور انسانی حقوق کی کھلم کُھلا خلاف ورزی ہے۔ افسوس آج ایک مرتبہ پھر ملک میں خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پر عوام میں شدید خوف وہراس اور حکمرانوں وریاستی اداروں کے حوالے سے نفرت مزید پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو مشورہ ہے کہ وہ ان علاقوں کے نمائندوں سے بیٹھ کر مقامی طریقوں مثلاً جرگوں اور علاقائی نمائندوں کے ساتھ بیٹھ کر دہشتگردی کیخلاف کوئی حل نکالنے کی کوشش کریں، نہ کہ زور و جبر کے ذریعے۔ مزید فوجی کاروائیاں، دفعہ 144 اور کرفیو لگانا بند کیا جائے تاکہ لوگوں کے معمولات زندگی متاثر نہ ہو۔ امیر تنظیم نے اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا کہ ماضی میں خیبر پختونخوا کے علاقوں میں 21 آپریشنز ہوچکے ہیں جس کا کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکلا بلکہ اس سے صوبے اور ملک میں انتشار ہی پھیلا ہے جس کا ملک دشمن بیرونی قوتوں نے بھرپور فائدہ اُٹھایا۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اگر حکومت اور مقتدر طبقے واقعی چاہتے ہیں کہ ملک بھر میں امن قائم ہو تو ان طریقوں کو ترک کرنا ہوگا جن سے پہلے بھی امن قائم نہ ہوسکا۔ لہٰذا مقامی لوگوں کو اعتماد میں لے کر چلیں تاکہ عوام کی حمایت بھی حاصل ہو اور کسی ایک بے گناہ معصوم کی جان بھی غیر محفوظ نہ ہے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ ہمارا زوال اُس وقت سے شروع ہوا جب سے ہم نے اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا چھوڑ دیا اور غیروں کے کہنے پر چلنا شروع کر دیا۔ ہمیں اللہ سے صحیح معنوں میں انفرادی اور اجتماعی طور پر توبہ کرنا ہوگی اور اللہ کے حکموں کی عملی تکمیل کیلئے کوششیں کرنی ہوں گی۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: July 31st, 2025

Khyber Pakhtunkhwa's Tirah and Bajaur atrocities are deeply condemnable. (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that the killing of five innocent people and the injury of several others in Tirah under the pretext of counterterrorism, as well as the similar bloodshed in Bajaur, is a clear violation of our religious teachings and fundamental human rights. It is deeply regretful that once again, the country is being soaked in blood. He warned that such actions are likely to cause widespread fear and hatred among the public towards the state institutions and ruling authorities. He advised the leadership and power brokers to sit with local representatives and tribal elders through traditional mechanisms like Jirgas to seek peaceful solutions, instead of imposing force and violence. He stressed the need to end military operations, Section 144, and curfews so that normal life in these areas is not disrupted. The Ameer also pointed out that 21 operations have already been conducted in Khyber Pakhtunkhwa, none of which have produced any positive outcome. Instead, they have led to further chaos, which has been exploited by anti-state foreign elements. He emphasized that if the government and establishment genuinely wish to bring peace, they must abandon methods that have already failed and instead gain the trust and cooperation of local communities, ensuring the safety of every innocent citizen. He concluded by saying that our downfall began the moment we abandoned Islamic teachings and started following the path set by others. True repentance, both individually and collectively, is the need of the hour, along with earnest efforts to implement the commands of Allah in our lives.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat